راولپنڈی، اسلام آباد، مظفر آباد، لاہور اور پشاور میں سب سے زیادہ پڑھا جانے والا منفرد اخبار
Web:www.aikawaz.com , Email:dailyaikawaz@gmail.com
ABC Certified
کرپشن اور ناانصافی کے خلاف
Daily: Aik Awaz
روزنامہ ایک آواز راولپنڈی
Fax:051-4456660
0300-5258335
ایڈیٹر: سید ضیاء گیلانی
جلد 11 | جمعرات، 11 رجب المرجب، 1447ھ، یکم جنوری، 2026، صفحات 08 قیمت 30 روپے | شمارہ 243

وفاقی محتسب کے بروقت حکم پر دس سال سے بلاک شناختی کارڈ بحال

کوئٹہ (نزیر احمد قادری سے) وفاقی محتسب کوئٹہ کی بروقت مداخلت سے ایک درخواست گزار کا قومی شناختی کارڈ، جو گزشتہ دس برس سے بلاک تھا، بحال کر دیا گیا۔ درخواست گزار کے مطابق وہ گزشتہ دس سال سے نادرا دفتر کے چکر کاٹ رہا تھا اور متعدد کمیٹیوں کے باوجود اس کا شناختی کارڈ بحال نہیں کیا جا رہا تھا، جس کے باعث اسے شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ بروقت انصاف کے حصول کے لیے اس نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کرتے ہوئے متعلقہ محکمے کے خلاف باضابطہ درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے فوری انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی سماعت شروع کی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ شناختی کارڈ بلاک کرنے کے حوالے سے کوئی تسلی بخش جواب پیش نہ کر سکا۔ جس پر وفاقی محتسب نے فوری طور پر درخواست گزار کا شناختی کارڈ بحال کرنے کے احکامات جاری کیے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے شناختی کارڈ بحال کر دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ اقدام پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کوئٹہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اسے عام شہری کے لیے امید کی کرن قرار دیا۔